2020-21/CAD/SA/PSX/4686 **FORM - 4**

September 24, 2020

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir

**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING**

Enclosed please find a copy of the Notice of the Annual General Meeting to be held on Monday, October 19, 2020 at 11:30 a.m. through video-link facility.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

**Altaf Ahmad Faisal**
Company Secretary

encl

MCB-ARIF HABIB
Savings and Investments Limited

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

**Notice is hereby given to the members that the Twentieth (20th) Annual General Meeting of MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited will be held on Monday, October 19, 2020 at 11:30 a.m. to transact the following business. On account of the prevailing situation caused by the global outbreak of the Coronavirus (COVID-19), Shareholders shall be entitled to attend the meeting through video conference facility managed by the Company as per the instructions given in the notes section.**

**Ordinary Business:**

1. To confirm the minutes of the last Extra Ordinary General Meeting held on February 06, 2020;

2. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2020 together with Directors' and Auditors' Reports thereon;

3. To declare and approve final cash dividend of 22.5 per cent i.e. Rs. 2.25 per ordinary share of Rs. 10/- each for the year ended June 30, 2020, as recommended by the Board of Directors. This is in addition to the interim cash dividend of 10 per cent i.e. Re. 1 per ordinary share of Rs. 10/- each paid to the shareholders during the year, thus making a total cash dividend of 32.5 per cent i.e. Rs. 3.25 per ordinary share of Rs. 10/- each for the year ended June 30, 2020;

4. To appoint external auditors of the Company for the year ending June 30, 2021 and fix their remuneration. The Board of Directors, on the recommendation of Audit Committee of the Company, has proposed the appointment of M/s KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants as external auditors for the year ending June 30, 2021; and

5. To transact any other business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**
**Altaf Ahmad Faisal**
**Company Secretary**

September 25, 2020
Karachi

**Notes:**

**1. Participation in the AGM proceeding via the video conference facility**

In view of the prevailing situation due to pandemic COVID-19 and in line with the direction issued to listed companies by Securities and Exchange Commission of Pakistan, vide its Circular No.5 of 2020 dated 17 March 2020 further extended till October 30, 2020 vide Circular No. 25 of 2020 dated August 31, 2020, the Company has decided to hold its AGM through electronic means. The arrangements will be as under:

(a) AGM will be held through Zoom application – a video link facility;

(b) Shareholders interested in attending the AGM through Zoom will be required to get themselves registered with the Company Secretary office at least two working days before the AGM at shazaib.anwar@mcbah.com by providing the following details:

| Name of shareholder | CNIC No. | Folio / CDS No | Cell No | Email address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Login facility will be opened thirty minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after identification process. Shareholders will be able to login and participate in the AGM proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders; and

(c) Shareholders will be encouraged to participate in the AGM to consolidate their attendance and participation through proxies.

**2. Book Closure Notice**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Monday, October 12, 2020 to Monday, October 19, 2020 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400, by the close of business (5:00 p.m.) on Friday, October 9, 2020, will be considered in time for the determination of the entitlement of the shareholders to final cash dividend and to attend and vote at the meeting.

**3. Appointment of Proxy and Participation in the AGM**

A member entitled to attend, speak and vote at the Annual General Meeting is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend, speak and vote for his/her behalf. A proxy need not be a member of the Company. A proxy shall also have the right to demand and join in demanding a poll and vote on a poll.

The instrument appointing proxy, together with the power of attorney or other authority under which it is signed, as the case may be, or a notarially certified copy of the power or authority, must be deposited at the Registered Office of the Company at least 48 hours before the time of the meeting. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company. Form of Proxy is enclosed in English and Urdu language.

Beneficial owners of the physical shares and the shares deposited with the Central Depository Company of Pakistan Ltd. (CDC) and / or their proxies are required to produce their original **Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport for identification purpose at the time of attending the meeting.**

**4. Notice of Submission of Valid CNIC Copies (Mandatory)**

SECP vide SRO No. 831(1)/2012 dated July 05, 2012 directed the companies to issue dividend warrant only crossed as "A/c Payee only" which should bear the Computerized National Identity Card (CNIC) of the registered member or authorized person. Moreover, pursuant to the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, CNIC numbers of shareholders are mandatorily required to be mentioned on Tax/Zakat/dividend certificate.

Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC, are requested to submit the same along with folio number, at the earliest, directly to the Company's Share Registrar.

**5. Payment of Cash Dividend Electronically (Mandatory)**

Under section 242 of Companies Act, 2017 (the Act) and the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, every listed company is required to pay dividend, if any, to their members compulsorily through electronic mode by directly crediting the same in their bank account provided by them. The Company shall be bound to withhold dividend of those members who do not provide their bank details. Members are required to provide to the Company's Share Registrar, particulars relating to name, folio number, bank account number, title of account, complete mailing address of the bank. CDC account holders should submit their request directly to their broker (participant)/CDC. A Dividend Mandate Form is available at the Registered Office of the Company and the same are also placed on the Company's website.

**6. Deduction of Withholding Tax on the Amount of Dividend under Section 150 the Income Tax Ordinance, 2001 (Mandatory)**

(i) Pursuant to the provisions of the Finance Act 2019, effective July 1, 2019, the rates of deduction of income tax from dividend payments under the Income Tax Ordinance, 2001 have been revised as follows:

a) Rate of tax deduction for persons appearing in the Active Tax Payers List: 15 per cent

b) Rate of tax deduction for persons not appearing in the Active Tax Payers List: 30 per cent

The tax deduction on the amount of cash dividend @ 15 per cent shall be made for the payment of dividend to shareholders whose names are entered in the Active Tax Payers List provided on the website of FBR, before close of business hour (5:00 p.m.) on Friday, October 9, 2020, otherwise tax on the cash dividend will be deducted @ 30 per cent instead of 15 per cent. Active Tax Payers List is available at Federal Board of Revenue's (FBR) website: http://www.fbr.gov.pk

(ii) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), with-holding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

The required information must reach our Share Registrar by the close of business (5:00 p.m.) on Friday, October 9, 2020; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar, in writing as follows:

| Folio/ CDC A/c No. | Total number of shares | Principal Shareholders | | Joint Holder (s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

(iii) The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Company or Share Registrar. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote Company name and their respective folio numbers.

For any query/problem/information, the investors may contact the Company and/or the Share Registrar at the following phone Numbers, email addresses:

Company: MCB-Arif Habib Savings and Investments Limited
UAN: 11-11-622-24 email: info@mcbah.com

Share Registrar: CDC Share Registrar Services Limited
Tel #: 0800-23275 email: info@cdcsrsl.com

7. Change in Members Addresses
Members' are requested to immediately notify any change in their address to the Share Registrar of the Company.

8. Unclaimed Dividend
Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend, if any, are advised to contact our Share Registrar to collect / enquire about their unclaimed dividend, if any. In compliance with Section 244 of the Companies Act, 2017, after having completed the stipulated procedure, all such dividend outstanding for a period of 3 years or more from the date due and payable shall be deposited to the Federal Government in case of unclaimed dividend.

9. Placement of Audited Financial Statements on the Website
The financial statements for the year ended June 30, 2020 and reports have been placed on the Company's website: www. mcbah.com.

10. Circulation of Annual Audited Financial Statements and Notice of AGM through emails
In terms of Section 223(7) of the Companies Act, 2017, the Company is allowed to send financial statements and reports to its members electronically. Moreover, pursuant to S.R.O. 787(I)/2014 dated September 8, 2014, issued by the SECP, companies are permitted to circulate Annual Audited Financial Statements along with Notice of Annual General Meeting to its members through e-mail who opt for purpose.

Shareholders who wish to receive annual reports and notice of general meetings through e-mails are requested to provide, through a Consent Form, available at the Company's website: www.mcbah.com, duly signed by them, their particulars i.e. Name, Folio / CDC A/C No., email address, contact number, CNIC number or valid passport (in case of foreign shareholder). Shareholders are also requested to notify immediately any change in their email address to the Share Registrar of the Company. It will be the responsibility of members to intimate any change in their valid registered email address to the Company in timely manner.

# سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ایم سی بی-عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کا سولہواں (16 واں) سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) بروز پیر مورخہ 19 اکتوبر 2020ء کو صبح 11:30 بجے منعقد ہوگا جس میں درج ذیل معاملات زیر غور آئیں گے۔ کورونا وائرس (کووڈ-19) سے پیدا ہونے والی موجودہ صورتحال کے باعث حصص یافتگان کمپنی کے ذریعے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کر سکیں گے جس سے متعلق ہدایات اہم نکات میں موجود ہیں۔

**عمومی کاروبار**

1۔ سابقہ غیر معمولی اجلاس منعقدہ 08 فروری 2020ء کے اہم نکات کی تصدیق

2۔ 30 جون 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں پر آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ کی وصولی، غور و خوض اور اختیار کرنا

3۔ ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ 22.5 فیصد یعنی 10 روپے والے عمومی حصص پر 2.25 روپے فی شیئر کا اعلان اور منظوری۔ 22.5 فیصد حتمی نقد منافع منقسمہ کے علاوہ ہے جو کہ ہر 10 روپے والے عمومی حصص پر 1 روپے فی حصص کے حساب سے سال کے دوران حصص یافتگان کو پہلے ادا کیا جا چکا ہے۔ لہٰذا 30 جون 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کل نقد منافع منقسمہ 32.50 فیصد یعنی 10 روپے والے عمومی حصص پر 3.25 روپے فی حصص ہے۔

4۔ 30 جون 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے خارجی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 30 جون 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس بطور کمپنی کے خارجی آڈیٹرز تقرری کی سفارش کی ہے۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر معاملات پر غور و خوض

بحکم بورڈ

الطاف احمد فیصل
کمپنی سیکرٹری

25 ستمبر 2020ء
کراچی

**اہم نکات:**

**1۔ اے جی ایم میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت**

کورونا وائرس (کووڈ-19) سے پیدا ہونے والی موجودہ صورتحال کے باعث سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 5 بتاریخ 17 مارچ 2020ء اور 30 اکتوبر 2020ء تک توسیع شدہ بذریعہ سرکلر نمبر 25 بتاریخ 31 اگست 2020ء میں مندرج کمپنیوں کو جاری کردہ ہدایت کے مطابق کمپنی نے فیصلہ کیا ہے کہ اے جی ایم کا انعقاد الیکٹرانک ذرائع سے کیا جائے گا جس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

(a) اے جی ایم کا انعقاد زوم ایپلیکیشن کے ذریعے ہوگا جو ایک ویڈیو لنک سہولت ہے۔

(b) جو حصص یافتگان بذریعہ زوم اے جی ایم میں شرکت کرنا چاہتے ہیں وہ اے جی ایم سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی سیکرٹری کے دفتر میں خود کو رجسٹر کرائیں جس کے لیے shazaib.anwar@mcbah.com پر مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں:

| نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/سی ڈی سی نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

اجلاس میں شامل ہونے کی ہدایات اجلاس سے قبل ای میل کی جائیں گی، اور شرکاء اپنے آئی ڈی کے ذریعے شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد شامل ہو سکیں گے۔

(c) شرکاء کو اے جی ایم میں شرکت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے تاکہ وہ ایپ کے ذریعے اپنی حاضری اور شرکت کو یقینی بنا سکیں۔

۲۔ بکس بند ہونے کی اطلاع

کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس 12 اکتوبر 2020ء تا 19 اکتوبر 2020ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ جمعہ 09 اکتوبر 2020ء کو کاروبار کے اختتام (شام 5 بجے) تک موصول ہونے والے شیئرز ٹرانسفر ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 میں موصول ہونے والے ٹرانسفر کو بروقت تصور کیا جائے گا اور ٹرانسفر کنندگان حتمی نقد ڈیویڈنڈ حاصل کرنے اور سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے اہل ہوں گے۔

۳۔ پراکسی کی تقرری اور سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت

جس رکن کو سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ کا حق حاصل ہے اس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرے تاکہ اپنی جانب سے شرکت، تقریر اور ووٹ کا حق تفویض کرے۔ پراکسی کا کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی فارم اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

پراکسی کی تقرری کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا کوئی اور اتھارٹی جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں، یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ نقل، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی جانی ضروری ہے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع دستخط کا نمونہ بھی کمپنی میں جمع کرایا جائے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔ پراکسی فارم انگریزی اور اردو زبان میں دستیاب ہے۔

فائدہ حاصل کرنے والے حصص یافتگان جن کے حصص سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) میں جمع ہیں، کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھانا ضروری ہے۔

۴۔ درست CNIC کی نقول کی فراہمی (لازمی) کی اطلاع

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے SRO نمبر 831(1)/2012 مورخہ 05 جولائی 2012ء میں ہدایت جاری کی ہے کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر "A/c Payee only" کے علاوہ رجسٹرڈ رکن یا مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر درج ہونا چاہیے ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ حصص یافتگان کے۔ کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017ء کی تعمیل میں بھی ڈیویڈنڈ وارنٹس پر حصص یافتگان کے CNIC نمبر لازمی طور پر درج ہونے چاہئیں۔

جن ارکان نے تاحال اپنے درست CNIC کی مصدقہ نقل جمع نہیں کرائی ہے ان سے گزارش ہے کہ براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جلد از جلد جمع کرا دیں (فولیو نمبر کے ساتھ)۔

۵۔ نقد ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017ء کے تحت لسٹڈ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے ارکان کو ڈیویڈنڈ دینے کے لیے صرف الیکٹرانک ذریعے سے ان کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کرے۔ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ ارکان اپنے بینک کی تفصیلات فراہم کریں ان کا ڈیویڈنڈ روک لے۔ چنانچہ ارکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل کوائف فراہم کریں: نام، فولیو نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، اکاؤنٹ کا ٹائٹل، بینک کا مکمل پتہ، آئی بی اے این نمبر، سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز براہ راست اپنے بروکر (پارٹیسپنٹ) / سی ڈی سی کے پاس جمع کرا دیں۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں بھی دستیاب ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

۶۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی (لازمی)

(i) یکم جولائی 2019ء سے مؤثر فنانس ایکٹ 2019ء کی شرائط کی تعمیل میں ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح میں مندرجہ ذیل ترمیم کی گئی ہے:

a) متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں آنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح: 15 فیصد

b) متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں نہ آنے والے افراد کے لیے ٹیکس کی شرح: 30 فیصد

نقد ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد ٹیکس کٹوتی کا اطلاق ان تمام حصص یافتگان پر ہوگا جن کے نام جمعہ 9 اکتوبر 2020ء کو کاروبار کے اختتام (شام 5 بجے) سے قبل فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہوں گے ورنہ نقد ڈیویڈنڈ پر ٹیکس 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ہوگا۔ متحرک ٹیکس دہندگان کی فہرست فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ http://www.fbr.gov.pk پر دستیاب ہے۔

(ii) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس اصل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر(ز) کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں علیحدہ علیحدہ متعین کیا جائے گا۔

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کو جمعہ 9 اکتوبر 2020ء کو کاروبار کے اختتام شام 5 بجے تک جمع ہو جانی چاہئیں ورنہ یہ تصور کیا جائے گا

[illegible]

انتظامیہ / زیر انتظام ہونے کی صورت میں ہر شیئر ہولڈر کے حصص یافتگی کے تناسب کی بنیاد پر ٹیکس کاٹا جائے گا۔

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار تک بروز 9 اکتوبر 2020ء کے اختتام سے پہلے پہنچ جانی چاہییں ورنہ یہ فرض کیا جائے گا کہ شیئرز اصل اور مشترکہ حصص یافتگان کے درمیان مساوی تقسیم ہیں۔

اس ضمن میں تمام مشترکہ حصص یافتگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اصل شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر(ز) کے حصص یافتگی کے تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مندرجہ ذیل انداز میں فراہم کریں

| فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ حصص یافتگان | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | حصص یافتگی کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

(iii) سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپنے پارٹیسپنٹس کے ہاں اپ ڈیٹ کرائیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل حصص یافتگان اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ دونوں صورتوں میں کمپنی کا نام اور فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات کے لیے کمپنی اور / یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں:

کمپنی: ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ

UAN 11-11-622-24

ای میل info@mcbah.com

شیئر رجسٹرار: سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

فون: 0800-23275

ای میل info@cdcsral.com

7۔ اراکین کے پتے میں تبدیلی

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں تاکہ ڈیویڈنڈ وارنٹس درست پتے پر ارسال کیے جا سکیں۔

8۔ غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ

جن حصص یافتگان کو کسی وجہ سے ڈیویڈنڈ وصول نہیں ہو سکے ان سے گزارش ہے کہ شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر کے اپنے ڈیویڈنڈ (اگر کوئی ہو) کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی تعمیل میں 3 سال کے بعد غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ مقررہ عمل پورا کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے ہاں جمع کرا دیا جائے گا۔

9۔ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ویب سائٹ پر دستیابی

30 جون 2020ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbah.com پر دستیاب کر دیے گئے ہیں۔

10۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(7) کے مطابق کمپنی کو اپنے اراکین کو مالیاتی گوشوارے اور رپورٹس ای میل کے ذریعے ارسال کرنے کی اجازت ہے۔ علاوہ ازیں SECP نے بذریعہ SRO 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے مطابق کمپنی اپنے اراکین کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول سالانہ عمومی اجلاس کی اطلاع بذریعہ ای میل ارسال کر سکتی ہے جو اس ذریعے کا انتخاب کریں۔

جو حصص یافتگان سالانہ رپورٹس اور عمومی اجلاس کی اطلاع بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے گزارش ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.mcbah.com پر دستیاب مستند فارم مکمل کر کے اپنے درست ای میل ایڈریس، سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر / فولیو نمبر اور CNIC نمبر یا (غیر ملکی شیئر ہولڈر کی صورت میں) پاسپورٹ نمبر فراہم کریں۔ حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس میں تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔ درست ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی سے کمپنی کو بروقت مطلع کرنا ممبر کی ذمہ داری ہوگی۔